مرغِ محبت ترا روحِ من ست آشیان — عقلِ من شکستہ دل مرغ تراست دانہ
عشقِ ترا گزیدہ ام دردِ ترا خریدہ ام — زاں کہ چو تو نیافتم در دو جہاں یگانہ
کوئے تو مستقرِ من در شب روز و سال و ماہ — نیست مرا چو کوئے تو مسکن و جائے خانہ
نعرہ زنم ز شوقِ تو نالہ کنم ز ہجر تو — ذاکرِ نامت از گلو چو برکشد ترانہ
اشک دو دیدہ می چکد بر رُخِ من ز عشقِ تو — نارِ غمت ہمی زند در دلِ من زبانہ
تازہ شود حیاتِ من گر بتو بنگرم دمے — ہمچو حیاتِ تشنۂ ز آبِ خوش شبانہ
از روئے تو در دلم ماند گذشتِ عمرِ من — دید کسے بساں من سوختہ در زمانہ
وصلِ تو چوں نیافتم از غمِ ہجر ہم کنوں — زار بمیرم و شوم من بجہاں فسانہ

(ص - ۲۱۷)

بہاریہ | شیخ جمال ہانسویؒ نے بڑی دل کشی کے ساتھ مناظرِ بہار کی منظر کشی کی ہے۔ بیساختہ دل سے واہ نکلتی ہے۔ یہ نظم ملاحظہ فرمائیں:۔

بحکمِ صانعِ بیچوں خزاں رفت و بہار آمد — کدورت گشت ناپیدا طراوت در دیار آمد
جوان و پیر می گوید دریں ایام از شادی — بہار آمد، بہار آمد، بہار آمد، بہار آمد
اگر آید نگارِ من، منِ دل خستہ ہم گویم — نگار آمد، نگار آمد، نگار آمد، نگار آمد
گلِ صد برگ چوں چہرہ نمود از پردۂ غنچہ — بباغ اندر سراینده، ہزار آمد، ہزار آمد
خمار از فرقِ گل ناگہ صبا بر بودہ در خندہ — بہ پیشِ بلبلِ عاشق از آں گل نے خمار آمد
مگر آں ساغرِ لالہ مئے دادند نرگس را — وگرنہ از کجا نرگس تو با مستاں خمار آمد
ہمیشہ سوگوارم من، کہ دورم از حبیبِ خود — بنفشہ نیز ہمچو من بہ بستاں سوگوار آمد
چو مقری ہر زمان قمری میان سبزہ می نالد — بسانِ نالۂ عاشق نوائیش زیرہ زار آمد
ز دردِ فرقتِ دل بر دلِ احمد دریں موسم — فگار آمد، فگار آمد، فگار آمد، فگار آمد

(ص ۴۰۹)

تشبیہات | شیخ جمال ہانسوی کا کلام نازک اور لطیف تشبیہات سے خالی نہیں۔ "رات" کی تعریف میں یہ رباعی ملاحظہ فرمائیں :-

گیسوئے عروس شب در آویختہ اند　　مہ را بہ شبہے او برانگیختہ اند
از بہر لباس ماہ پیرایۂ شب　　دیباہ کشیدہ اند و در ریختہ اند

(ص - ۷۶)

اور "صبح" کی تعریف میں یہ رباعیاں ملاحظہ ہوں :-

برخیز کہ نوبت سحری بزنند　　مرغان سحر نوائے ترمی بزنند
در کورۂ صبح زرگرانِ گردوں　　از بہرِ عروس روز زرمی بزنند

(ص - ۷۷)

شب رفت و ستارہ ریخت اندر غم شب　　مہ روئے سیاہ کرد در ماتمِ شب
افسوں گرِ صبح دم دم افسوں می خواند　　تا مہرہ نہاد از دہن ارقمِ شب

(ص - ۷۷)

از صبح برانگیختہ اند آتش و آب　　در شرق مگر ریختہ اند آتش و آب
برروئے فلک چشمۂ خورشید نگر　　گوئی کہ بیامیختہ اند آتش و آب

(ص - ۷۷)

ہلالِ عید کی تعریف میں یہ رباعیاں ملاحظہ فرمائیں :-

از حجلۂ چرخ باز خاتون ہلال　　بنمود بشاہ مردم چشم جمال
بر لوح زمردیں بہ کلک تقدیر　　نون ست مگر نبشتہ با نیمۂ دال

(ص - ۲۱۴)

حتیٰ کہ ز ماہ نو مہ چہارہ ساخت　　از بدر و قمر باز ہلالے پرداخت
گوئی کہ بگوشۂ بساطِ نیلی　　خاتونِ فلک ناخن سیمیں انداخت

(ص - ۲۱۴)

ستاروں کی تشبیہہ ملاحظہ ہو:۔

برجبیں کہ داد روشنائی دادہ است — گفتی کہ ز آفتاب تاباں زادہ است
ناہید کزو نور فرو می ریزد — گوئی ز دہان مہ بروں افتادہ است

(ص۔ ۲۲۹)

چاند کی تشبیہہ ملاحظہ کریں:۔

شب بسوئے چرخ رہے کرد نگاہ — بر روئے سپہر دید رخشاں شدہ ماہ
گوئی کہ میان دشت پیدا گشتہ است — یک چشمۂ آب وگرد اورستہ گیاہ

(ص۔ ۲۲۹)

اور ذرا "خط" کی تعریف بھی ملاحظہ فرمالیں:۔

خط ما چو کلک در آنامل آرد — واں گہ خط نغز بر ورق بنگارد
ماند بہ یکے زلف معنبر کہ نگار — بر عارض کافور صنعت بگذارد

(ص۔ ۲۲۹)

متصوفانہ | حضرت جمال الدین احمد ہانسویؒ نے اپنے کلام بلاغت نظام میں تصوف کے ہر پہلو کو لیا ہے۔ معرفت وحقیقت، ریاضات ومجاہدات، زہد وفقر، اخلاص واطاعت، توکل وتواضع، قبض وبسط فنا وبقا، ترکِ نفس، ترکِ خلق، ترکِ زر، ترکِ ہوا، توبہ وانابت، غرض کسی پہلو کو نہیں چھوڑا۔

ریاضات ومجاہدات میں یہ نظم ملاحظہ ہو:۔

اے تن بدل در آر ہوائے مجاہدہ — وانگاہ زن چو مرداں رائے مجاہدہ
بشنو زخادمان مشائخ بگوش جاں — در شہر جست جوئے ندائے مجاہدہ
روئے مراد چہرۂ مقصود بنگری — چوں بنگری نخست لقائے مجاہدہ
تا روز وشب پرستی در وے خدائے را — ازور دیں لباز بنائے مجاہدہ
در دشت وکوہ بر گذر و استماع کن — رازِ حبیب راز صلائے مجاہدہ

چوں برپئے مجاہدہ باشد مشاہدہ — مگزیں وسیلۂ تو ورائے مجاہدہ
ایں دم خوری جمالاؔ صد شربتِ وصال — گر آب خوردۂ ز فنائے مجاہدہ

(ص ۔ ۱۵۷)

زہد و فقر میں یہ نظم ملاحظہ کریں :۔

بادشاہی در گدائی یافتم — خود گدائی بادشاہی یافتم
می نیاید بادشاہے در جہاں — انچہ من اندر گدائی یافتم
معصیت اندر غنا دیدم مدام — در گدائی پارسائی یافتم
فقر را تاریک گوید عالمے — و اندرو من روشنائی یافتم
من چہ محتاجم گدا باشم، بلے — مملکت وصفِ خدائی یافتم
چوں گدائی عرضہ کردم از نیاز — بر درِ خلق آشنائی یافتم
پس جدا گشتم ز ہستی چوں جمالؔ — وصل او اندر جدائی یافتم

(ص ۔ ۱۲۳)

توکل و قناعت میں یہ اشعار ملاحظہ ہوں :۔

بہر کارے توکل بر خدا کن — دریں درگاہ خود را آشنا کن
مرو ہے ہے بکوئے ہر گدائے! — گذر دائم بکوئے بادشا کن
ز روئے ہمتِ عالی درش گیر — درِ مخلوق را زیں پس رہا کن
بدل یکتا شو اندر حبِ مولیٰ — بخدمت قامتِ نخوت دوتا کن
بدو پیوند از جاں تا بود جاں — دل از دردِ نفسانی جدا کن
چو داری علتِ ہجر جدائی — بیا وش علتِ خود را دوا کن
نگر صبح لقائش را بہ بینی — بہ آب دیدہ در شبہا رہا کن
جمالاؔ در ہوائش میرواں دم — گروہ عاشقاں بر خود گوا کن
(ص ۔ ۱۵۴ ۔ ۱۵۵)

شیخ جمال ہانسویؒ نے اپنی رباعیات میں بھی آداب طریقت کو بیان کیا ہے۔ مثلاً طاعتِ الٰہی میں یہ رباعی ملاحظہ ہو:۔

گر دوست ز معصیت بداریم ہمہ | پس در طاعت عمر گذاریم ہمہ
زیں کردہ مگر آب روئے یابیم | روزے کہ سر از خاک برآریم ہمہ

(ص ۔ ۷۸)

اخلاص میں یہ رباعی ملاحظہ کریں:۔

در طاعت مرد بے خلل اخلاص است | در قافلۂ خیر جمل اخلاص است
می کن عملِ نیک ولے با اخلاص | زاں روئے کہ جان ہر عمل اخلاص است

(ص ۔ ۷۹)

فنا و بقا میں یہ رباعی ملاحظہ ہو:۔

عشق ز بہر تو پذیریم بنزیم | در بے تو حیات گیرم بنزیم
مردن من از پئے تو زیستن است | اندر غم تو اگر بمیرم بنزیم

(ص ۔ ۱۳۱)

قبض و بسط میں یہ رباعی ملاحظہ فرمائیں:۔

درحالتِ بسط زہر ہمچو شکر است | درحالتِ قبض شہد زہرے دگر است
ایں حالتِ قبض و بسط در راہِ طلب | آں کس داند کہ او ز حق باخبر است

(ص ۔ ۱۶۵)

مذمتِ نفس میں یہ رباعی ملاحظہ ہو:۔

نفس تو بت ست، بت پرستی کم کن | در میکدۂ مراد مستی کم کن
تا یار ترا بار دہد بہر وصال | در حال فنا پذیر و ہستی کم کن

اخلاقیات | شیخ جمال ہانسویؒ نے اخلاقیات میں حرص و طمع، غرور و نخوت، بغض و کینہ، خست و کنجوسی، خود بینی و خود ستائی، دل آزاری و غیبت وغیرہ کی مذمت میں اکثر رباعیاں لکھی ہیں۔ مندرجہ ذیل رُباعیاں ملاحظہ ہوں :۔

## عُجُب

ہر چیز کہ از خلق نہاں می آری    از بہر چہ بر سر زباں می آری؟
زنہار مکن عُجُب در اعمال از آنکہ    از عُجُب عمل را بزیاں می آری

(ص۔ ۱۸۳)

## خود بینی

اے آنکہ نظر ہمیشہ در خود داری    خود را از ہمہ خلق نکو پندا اری
ناقص مانی اگر "توئی" نگزینی    کامل گردی اگر "منی" بگذاری

(ص ۔ ۱۸۳)

## دل آزاری

گر سیم و درم بروز و شب درپاشی    واندر مہ و سال در عبادت باشی
نزدیکِ من ایں ہر دو نباشد چیزے    چوں یک دلِ کس را بزیاں بخراشی

(ص ۔ ۱۸۵)

## حرص

تا چند ز حرص با تفکّر گردی؟    گرد خر و گاؤ اسپ و آخر گردی
گر یک شبہ از ہوائے تن دور شوی    اندر صدفِ رضا رحق دُر گردی

(ص ۔ ۱۸۷)

## طمع

کنجشک کہ از حیات بر می اوفتد    او را سوئے دام گذرے اوفتد
بر دانہ چو ناگہش نظر می اوفتد    از راہِ طمع بدام در می اوفتد
(ص ۔ ۱۸۸)

مرثیہ نگاری | شیخ جمال ہانسویؒ مرثیہ نگاری میں بھی کمال رکھتے ہیں۔ آپ نے کسی بھی صنفِ سخن کو تشنہ نہیں چھوڑا۔ سب میں کمالِ قدرت کے ساتھ طبع آزمائی کی ہے اور جولانیٔ فکر دکھائی ہے۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال پر یہ رباعیاں ملاحظہ ہوں :۔

آں روز کہ سید زجہاں بیروں رفت — بس نالۂ خلق از دہاں بیروں رفت
بیہوش شدندوا وفتادند ز پائے — گوئی ہمہ راز جسم جاں بیروں رفت

(ص۔ ۲۰۹)

بشنو بشنو ہر آنچہ تقریر کنم — برخواں برخواں ہر آنچہ تحریر کنم
در روز وفاتِ خواجۂ ہر دو سرائے — گر خون گریم ، ھو ، ز تقصیر کنم

(ص ۔ ۲۰۹)

حضرت امام حسین علیہ السّلام کی شہادت پر یہ رباعی کہی ہے :۔

از بہرِ حسین بن علی خوں گریم — از ہر چشمے مایۂ جیحوں گریم
گر اشک فشانیم نیا شد چند اں — در ماتمِ فرزندِ نبی خوں گریم

(ص۔ ۲۱۰)

شیخ جمال ہانسویؒ نے اپنے والدِ محترم شیخ احمد بن شیخ مظفرؒ[۵] کی وفات حسرت آیات پر جو مرثیہ کہا ہے وہ درد و الم اور سوز و گداز سے پُر ہے ۔ ملاحظہ ہو :۔

اے رفتہ ز و ہر حال چون است؟ — رنج از پئے ارتحال چون ست ؟
بگذاشتہ قصر و رفتہ در گور — در خانۂ گور حال چون ست ؟
در گور بمانی و ندانی — بگذشتنِ ماہ و سال چون ست ؟
بودہ است وجود تو نہالے — پژمردہ شدہ نہال چون ست ؟
ابروئے تو چوں ہلال بودے — در خاک نہاں ہلال چون ست ؟

---

۵ پیر محمد حسین : گل زار فریدی ۔ سنہ ۱۳۲۰ھ / ۱۹۰۲ء ۔ ناشر خدا بخش تاجر کتب لاہور۔

فرداز نسب کسے بپرسد | پرسند ترا خصال چون ست ؟
از خلق ترا فراق افتاد | درحضرتِ حق وصال چون ست ؟
گو آں کہ بجو ید از پسِ مرگ | " در کنجِ لحد جمال چون ست ؟

(ص - ۴۰۰ - ۴۰۱)

## ولہ

درداکہ دیدۂ المم را بصر نماند | در کامِ خوش دلی ومرادم شکر نماند
تیر مرادمی جہد از شست بر غمی | افسوس کزامید وصالم سپر نماند
تاریک گشت عالمِ شادی و خورمی | چوں بر سپہرِ مقصدِ من جرم خور نماند
من بر امید دیدنِ دیدار آں بدر | بودہ بسے کہ از بدرِ من اثر نماند
نالاں ز دردِ غربت بودم کہ ناگہاں | بردہ خبر کہ وائے غریباں پدر نماند
زخمِ خدنگِ بے پدری برجگر رسید | من خستہ را لغربت از خود خبر نماند

(ص - ۳۹۹ - ۴۰۰)

**تصانیف** | غزلیات اور رباعیات کے دواوین کے علاوہ شیخ جمال الدین احمد ہانسوئیؒ کی دیگر تصانیف علمِ تصوّف میں ہیں۔ جن میں "ملہمات" مشہور رہے۔ یہ عربی زبان میں ہے اور فقر سے متعلق ہے۔ اکثر تذکرہ نویسوں نے اس کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ مولانا رحمان علی صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

" صاحب ترجمہ رسائل واشعار دارد کہ درمیان مردم یافتہ شوند، از اں "ملہمات" بزبان عربی جامع کمالات متفرقہ است کہ دراوصافِ فقر بیان فرمودہ" [۵۱]

سیّد قربان علی صاحب نے بھی اس کا ذکر کیاہے:۔

"آپ کی تصنیفات علمِ تصوّف میں بہت ہیں۔ اُن میں ایک ملہمات ہے" [۵۲]

---

[۵۱] رحمان علی: تذکرہ علمار ہند مطبوعہ نول کشور پریس۔ لکھنؤ ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۴ء ص - ۴۲۔ [۵۲] قربان علی: ہشت بہشت مطبوعہ رحمانی پریس۔ دہلی ۱۹۳۴ء۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ملہمات کا ذرا مفصل ذکر کیا ہے۔ وہ تحریر فرماتے ہیں۔

"وشیخ جمال الدین بعضے رسائل واشعار دارد کہ درمیان مردم یافتہ می شود از آں جملہ رسالہ ایست بزبان عربی مسجع، کلمات متفرقہ جمع کردہ کہ اورا ملہمات گویند درو ے می نویسد:-

" الفقر خلق شریف یتولد منه الصلاح والعفة والزهد والورع والتقوى والطاعة والعبادة والجوع والفاقة. والمسكنة والقناعة والمروة والفتوة والديانة والصيانة والامانة والسهر والتهجد والخضوع والخشوع والتذلل والتواضع والتحمل والكظم والعفو والاغماض والاشفاق والانفاق والايثار والاطعام والاكرام والاحسان والاعراض والاخلاص والانقطاع والانفصال والصدق والصبر والسكوت والحلم والرضاء والحياء والبذل والجود والسخاوة والخشية والخوف والرجاء والرياضة والمجاهدة والمراقبة والموافقة والمرافقة والمداومة والمعاملة والتوحيد والتهذيب والتجريد والتفريد والسكوت والوقار والمداراة والمواساة والعناية والرعاية والشفقة والحفاوة والشفاعة واللطف والكرم والتعهد والشكر والفكر والذكر والحرمة والادب والاعتصام والاحترام والطلب والرغبة والغيرة والعبرة والبصيرة واليقظة والحكمة والحسبة والهمة والمعرفة والحقيقة والخدمة والتسليم والتفويض والتوكل والتبتل واليقين والثقة والغناء والاستقامة وحسن الخلق. وكل فقير وُجِدَت فيه هذه الصفات سمى فقيرًا كاملاً واذا فقدت لم يسم فقيرًا. [1]

[1] شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ: اخبار الاخیار فی اسرار الابرار مطبوعہ مطبع مجتبائی۔ دہلی ۱۳۳۲ھ۔ ص۔ ۶۸

ڈاکٹر زبید احمد صاحب نے اپنی تالیف[۱] میں ملہمات پر سیر حاصل روشنی ڈالی ہے۔
موصوف نے ملہمات سے حضرت جمال الدین احمد ہانسویؒ کے چند فصیح و بلیغ اور روح پرور وجان نواز
اقوال درج کئے ہیں۔ مثلاً "طالب" کے متعلق یہ اقوال ملاحظہ ہوں:۔

طالب الدنیا جاھل    طالب العقبیٰ عاقل    طالب المولیٰ کامل
طالب الدنیا مردود    طالب العقبیٰ مسعود    طالب المولیٰ محمود
طالب الدنیا مغرور    طالب العقبیٰ مسرور    طالب المولیٰ منصور
طالب الدنیا مغبون    طالب العقبیٰ ممنون    طالب المولیٰ مامون
طالب الدنیا ھالک    طالب العقبیٰ سالک    طالب المولیٰ مالک
طالب الدنیا ذلیل    طالب العقبیٰ جلیل    طالب المولیٰ خلیل
(۱/۷)

"نماز" کے متعلق یہ قول ملاحظہ کریں۔

"الصلوۃ کالجسد والحضور کالروح وکل صلوۃ
لیس فیہا الحضور لیس فیہا الروح"

"ذکر" کے متعلق یہ قول ملاحظہ کریں:۔

الذکر ثلثۃ احرف الذال والکاف والراء۔
فالذال عبارۃ عن الذکاء والکاف عبارۃ
عن الکیاسۃ والراء عبارۃ عن الرقۃ
فمن ذکر المولیٰ لصار ذکی القلب وکئیس النفس
وصاحب الرقۃ

---

[۱] Dr. M. G. Zubaid Ahmed: The Contribution of India to Arabic Literature. Dikshit Press Allahbad 1945 P. 82-84.

"زاہد" اور "عارف" کی مابہ الامتیاز خصوصیات ملاحظہ ہوں۔

الزاهد يطهر ظاهره بالماء
والعارف يطهر باطنه من الهوى
الزاهد تارك الدنيا للعقبى
والعارف تارك العقبى للمولى
الزاهد يقطع السبيل
والعارف بلغ المنزل وترك الرحيل

"عارف" کی امتیازی صفات ملاحظہ فرمائیں:۔

١- اذا ذكر الله افتخر۔
٢- اذا ذكر نفسه احتقر۔
٣- اذا نظر فی آیات الله اعتبر۔
٤- اذا هم بمعصية او شهوة انزجر۔
٥- اذا ذكر الله استبشر۔
٦- اذا ذكر ذنوبه استغفر۔

وفات | شیخ جمال الدین احمد ہانسویؒ کا وصال ۶۵۹ھ میں قصبہ ہانسی میں ہوا[۵۱]۔ جو مشرقی پنجاب (بھارت) میں ضلع حصار کے اندر واقع ہے۔ آپ کا مزار مبارک بھی ہانسی ہی میں ہے۔ شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ تحریر فرماتے ہیں:۔

"قبر او در قصبہ ہانسی است، با سہ کس از اولاد خود در یک گنبد خفتہ اند" [۵۲]

---

۵۱ (ا) ابو الفضل بن مبارک ناگوری، آئین اکبری۔ مطبوعہ بپٹسٹ مشن پریس۔ کلکتہ۔ ۱۸۷۷ء۔ ص۔ ۲۱۹۔
(ب) رحمان علی: تذکرہ علمائے ہند۔ مطبوعہ مطبع منشی نول کشور۔ لکھنؤ۔ ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء۔ ص۔ ۴۳۔
۵۲ شیخ عبد الحقؒ: اخبار الاخیار۔ مطبوعہ مطبع مجتبائی۔ دہلی۔ ۱۳۳۲ھ۔ ص۔ ۶۸۔

مفتی غلام سرورؔ لاہوری لکھتے ہیں :۔

" وفاتِ آں جامع الحسنات در سال شش صد و پنجاہ و نہ ہجری ۶۵۹ است و مزارِ گوہر بارِ بمقام ہانسی است"۔ [1]

موصوف نے یہ قطعۂ تاریخِ وفات بھی لکھا ہے :۔

رفت چوں ازجہاں بہ خلدِ بریں آں جمال و کمالِ دینِ نبی
گفت سرور بہ سالِ رحلتِ او عارفِ حق جمالِ دینِ نبی

۶۵۹ھ

---

## شکریہ

مخدومی ڈاکٹر محمدؔ شفیع صاحب دام اجلالہم (صدر مجلسِ ادارہ دائرۂ معارفِ اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی ۔ لاہور) کا ممنون ہوں کہ ممدوح نے ازراہِ نوازش و کرم ڈاکٹر زبید احمد صاحب کی تالیف سے ملہمات کے اقتباسات نقل کروا کر ارسال فرمائے ۔ مشفقی و استاذی ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب مدظلہٗ العالی (صدر شعبۂ اُردو ، سندھ یونیورسٹی ۔ حیدرآباد) کا مشکور ہوں کہ موصوف نے مضمون پر نظرِ ثانی فرمائی ۔ اور محترم شاہ معین الدین احمد ندوی دام عنایتہم کا منت پذیر ہوں کہ انھوں نے بعض متعلقہ کتب کی نشان دہی فرمائی ۔

فجزاھم اللہ احسن الجزاء

---

[1] غلام سرور لاہوری : خزینۃ الاصفیاء ، مطبوعہ ہوپ پریس ۔ لاہور ۔ ۱۲۸۳ھ ۔

# اقبال و رومی کا دینی و عمرانی مقام

(از جناب صوفی نذیر احمد صاحب کاشمیری)

---

*صوفی نذیر احمد صاحب آج پہلی دفعہ بزم "برہان" میں تشریف لارہے ہیں۔ اگرچہ اپنی بے پناہ اسکیموں اور بے شمار مضامین و مقالات کی وجہ سے اخباری دنیا میں پوری طرح مشہور و معروف ہیں۔ موصوف ایک خاص رنگ کے مبلغ اور وسیع النظر عالم دین ہیں، جن اصحاب نے ان کو قریب سے دیکھا ہے وہ اس کی تصدیق کرینگے کہ اُن کی قناعت پسندی، جفاکشی، سادگی اور جوش و ولولے کا اُن لوگوں پر بھی اثر پڑتا ہے جو اُن کے نظریں سے اتفاق نہیں رکھتے، وہ جو کچھ کہتے ہیں بے جھجک کہتے ہیں، جذبۂ رندانہ اُن کا وصفِ امتیازی ہے۔ زیرِ نظر مفید اور معلوماتی مقالے میں صوفی صاحب نے اقبال و رومی کا ایک خاص طرز سے مقابلہ کیا ہے، ان کے تمام خیالات سے اتفاق کرنا ہرگز ضروری نہیں ہے تاہم جو کچھ کہا گیا ہے بے لاگ کہا گیا ہے۔ شاعرِ مشرق علامہ اقبال مرحوم پر ریسرچ کرنے والوں کے لئے اس کا مطالعہ یقیناً معلومات افزا ثابت ہوگا۔ مضمون کے خاصے بڑے حصے میں صوفی صاحب اپنی عادت کے مطابق پھر پُرجوش مبلغ بن گئے ہیں مگر ہم اس کے لئے ان کو مجبور پاتے ہیں۔ (ع)*

---

رومی و اقبال کے خیالات میں جہاں بہت کچھ مشابہت پائی جاتی ہے وہاں اپنے ماحول میں بھی یہ دونوں ایک دوسرے سے بہت کچھ مشابہت رکھتے ہیں۔ رومی کے شعور کی آنکھ اس وقت کھلی جب چنگیزی طوفانوں کے سامنے ماضی کے تمام سیاسی اقتداروں اور تمدنوں کے قدم اکھڑ رہے تھے۔ عالَمِ اسلام اُس وقت کے سب سے بڑے سیاسی اقتدار اور سب سے بڑے تمدن کی حیثیت سے اس طوفان کے دھارے میں پوری طرح آچکا تھا اور تاخت و تاراج ہو رہا تھا۔ ظاہر بیں عالَمِ اسلام کے بقا کی کوئی صورت موجود نہ تھی۔ ایسی

صورت میں عالمِ اسلام کے لئے صرف یاس و قنوطیت کا راستہ کھلا تھا۔ رومی کی "نے نوازی" ٹھیک اسی ماحول میں شروع ہوتی ہے اور یاس و قنوطیت کے بجائے رجا و اُمید کے نغموں سے پورے ماحول کو معمور کر دینے کی کوشش کرتی ہے۔ رومی ان لوگوں میں سے ہے کہ جو ظاہری کائنات کو باطن کا ایک چلتا چلاتا عکس قرار دیتے ہیں۔ ایسے لوگ اکثر و بیشتر یاس و قنوطیت کے مبلغ ہوتے ہیں۔ مگر رومی بڑی حد تک باطنی تصورات رکھنے پر بھی تعطّل و گریز اور جبریت و بے بسی کا مبلّغ ہونے کے بجائے اپنی "نے" میں سعی و جہد و اختیار و فعالیت کے نغمے بھر دیتا ہے۔ اور ملت کے لئے عمرانِ عمومی کا محرک بن جاتا ہے۔ یا بن جانے کی کوشش کرتا ہے۔

اقبال کو بھی رومی جیسا ماحول ملتا ہے جو اُمید کے بجائے مایوسی کا سماں پیش کرتا ہے۔ اقبال مغربی استعماریت اور مغربی تہذیب کے دوگونہ حملے کے مقابل اُمّتِ اسلامیہ کو ہر محاذ پر پسپا ہوتے دیکھ رہا ہے۔ پوری فضا پر یاس و قنوطیت محیط ہوتے دیکھتا ہے۔ مگر بہت سارے شاعروں کی طرح اس کا سامنا نہیں کرتا بلکہ حرکت و رجا ہی اُس کی شاعری کا موضوع قرار پاتے ہیں۔ اس حرکت و رجا کی نوعیت ذیل کے دو شعروں سے خوب واضح ہو سکتی ہے۔

(ا) گفتند جہانِ ما آیا بہ تو می سازد      گفتم کہ نمی سازد گفتند کہ برہم زن

(ب) با نشۂ درویشی در ساز و دمادم زن      چوں پختہ شوی اورا بر سلطنتِ جم زن

اقبال مغربی استعماریت اور مغربی تہذیب کے دونوں محاذوں پر سپر افگن ہونے کے بجائے ملتِ اسلامی کو جہاد و "برہم زن" کا مسلسل پیغام دیتا ہے (اگرچہ مفکرِ اقبال نے بعد میں اس پوری مغربی تہذیب کو فکر و نظر سے اپنے سارے عمرانی ڈھانچے تک اسلامِ خالص بتا کر اُسے پورے کا پورا اپنا لینے کا بھی مشورہ دے دیا ہے، جو اس کی ساری شاعری کی کمالِ توہین ہے) لہٰذا اپنی ملت کے استثنائی رنگ کے خیر اندیش ہونے کے بارے میں نہ رومی پر اور نہ اقبال پر شک کرنے کی کوئی گنجائش ہے۔ آئندہ کی سطروں میں ان دونوں پر جو تنقید ہے اُسے پڑھتے وقت ان دونوں کی افادیت کے اس کھلے اعتراف کو پیشِ نظر رکھ لینا ضروری ہوگا۔ محض بات بنانے کے لئے نہیں بلکہ درحقیقت اپنی ملت کے لئے بے پناہ جذبۂ خیر اندیشی کے اعتراف کے علاوہ ان دونوں کے متعلق کوئی راہ موجود نہیں۔ اس اعتراف کے بعد ان دونوں کی شاعری کی دینی قدر و قیمت